| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ: 7 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب ششم: معاشیات | سبق کا نام: اشیا، خدمات اور تجارت |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- افراطِ زر کی مختلف اقسام اور اشیا و خدمات کی قلت اور وجوہات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے چند سوالات پوچھیں:

- اشیا اور خدمات سے کیا مراد ہے؟
- عوامی اور نجی اشیا اور خدمات میں فرق بتائیں۔

طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی رہنمائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کتاب کے صفحہ 80 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں مہنگائی کی کتنی قسمیں ہیں؟
- طلبہ کو متن کی مدد سے مہنگائی کی وجوہات بتائیں۔
- انھیں بتائیں مہنگائی کی دو وجوہات ہیں۔ 1۔ لاگت بڑھنے سے مہنگائی 2۔ طلب بڑھنے سے مہنگائی
- انھیں بتائیں کسی چیز کی تیاری پر آنے والے خرچ کو "لاگت" کہتے ہیں۔
- ہم مصنوعات کی تیاری میں خام مال، سرمائے کے وسائل اور انسانی وسائل کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر ان وسائل پر آنے والے اخراجات پر اضافہ ہوتا ہے تو مصنوعات کی تیاری کی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے۔
- اسی طرح کسی شے کو خریدنے کی قوت یا اُسے خریدنے کا ارادہ "طلب" کہلاتا ہے۔ جب طلب دستیاب مصنوعات سے زیادہ ہو جائے تو طلب کا دباؤ پیدا ہوتا ہے۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے قلت کا مطلب بتائیں۔
- انھیں بتائیں جب انسانی وسائل اور سرمائے کے وسائل اتنی اشیا اور خدمات پیدا نہیں کرتے کہ ہر انسان کی ضرورت پوری کی جا سکیں تو اشیا و خدمات میں قلت ہو جاتی ہے۔

- قلت کی بہت سی وجوہات ہیں۔
- بعض اوقات قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچتا ہے موسمیاتی تبدیلیاں یا خراب موسم کی وجہ سے بھی فصلوں کو نقصان پہنچتا ہے جس سے خوراک کی قلت ہو جاتی ہے۔
- بجلی اور گیس کی کمی کی وجہ سے فیکٹریاں وقت پر سامان تیار نہیں کر سکتے جس کی وجہ سے لوگوں کو اشیاء کی قلت ہو جاتی ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ:________ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام:________ |

| سبق کا نام: اشیا، خدمات اور تجارت | باب ششم: معاشیات |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تجارت برآمدات و درآمدات کی تعریف کرسکیں۔
- پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت کی اہمیت بیان کرسکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے چند سوالات پوچھیں:

- ٹیکس کا مطلب کیا ہے اور اس کی اقسام کے بارے میں بتائیں۔
- تجارت اور بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو باری باری جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 81 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''تجارت'' کا مطلب بتائیں۔
- انھیں متن میں دی گئی مثال کی مدد سے بتائیں کہ تجارت کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں تجارت ایک ملک سے دوسرے ملک بھی کی جاتی ہے جسے: ''بین الاقوامی'' تجارت کہتے ہیں۔
- طلبہ کو درآمدات اور برآمدات کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بین الاقوامی تجارت کی دو قسمیں ہیں۔
- وہ اشیا جو دوسرے ممالک کو فروخت کی جاتی ہیں ''برآمدات'' کہلاتی ہیں۔ پاکستان کی اہم برآمدات میں سوتی کپڑا، سوتی دھاگا۔ چاول، کھیلوں کا سامان ہے۔
- انھیں بتائیں وہ اشیا جو ہم دوسرے ممالک سے لے کر اپنی ضرورت پوری کرتے ہیں ''درآمدات'' کہلاتی ہیں۔ پاکستان کی درآمدات میں لوہا، سٹیل، پٹرولیم کی مصنوعات ہیں۔ یہ پاکستان کی اہم درآمدات ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت کتنی اہم ہے۔
  - ♦ صنعتیں قائم ہونے سے لوگوں کو روزگار ملے گا۔
  - ♦ غربت میں کمی اور لوگوں کا معیار زندگی بلند ہو گا۔
  - ♦ درآمدات سے ضروری اشیا کی قلت پر قابو پایا جا سکتا ہے۔
  - ♦ درآمدات سے خام مال اور مشینری ملک میں آئے گی، جس سے صنعتی ترقی میں اضافہ ہو گا۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے تصور کی مختصر اُدہرائی کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (iv) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

سوال نمبر 1: پاکستان کی برآمدات اور درآمدات بتائیں۔

| برآمدات | درآمدات |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ:________ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام:________ |

| سبق کا نام: اشیا، خدمات اور تجارت | باب ششم: معاشیات |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:**

- نقل و حمل کے بڑے ذرائع کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟
- ذرائع نقل و حمل کسے کہتے ہیں؟

طلبہ کو باری باری جواب دینے کا موقع دیں۔ اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 83 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ سے ذرائع نقل و حمل کا مطلب پوچھیں۔
- ذرائع نقل و حمل کے بغیر تجارت ممکن نہیں ہے۔
- انھیں ذرائع نقل و حمل کی تفصیل بتاتے ہوئے بتائیں کہ ملک کے اندر یا ملک کے باہر اشیا اور لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لانے اور لے جانے کے ذرائع کو "ذرائع نقل و حمل" کہتے ہیں۔
- پاکستان کے اہم ذرائع نقل و حمل یہ ہیں۔

♦ سڑکیں ♦ ریلوے لائن ♦ ہوائی راستے ♦ بندرگاہیں

- پاکستان میں سڑکوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ بڑے شہر جیسے لاہور، کراچی، پشاور اور حیدرآباد قومی شاہراہوں اور موٹر ویز کے ذریعے آپس میں جڑے ہوتے ہیں۔
- جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی اور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پاکستان کے بڑے بڑے ایئرپورٹ ہیں جہاں سے سامان اور لوگ آتے اور جاتے ہیں۔

- انھیں بتائیں کہ مسافر گاڑیوں کے ساتھ ساتھ مال گاڑیاں بھی ہوتی ہیں۔ جس میں صرف مال کی درآمدات و برآمدات کی جاتی ہے۔
- طلبہ کو پاکستان کی اہم بندرگاہوں کے نام بتائیں جس میں کراچی، پورٹ قاسم، مکران اور گوادر ہیں۔

| **اعادہ** | **3منٹ** |
|---|---|

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| **جائزہ:** | **5منٹ** |
|---|---|

پاکستان کی اہم شاہراوں کے نام بتائیں۔

| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |
|---|---|

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: پاکستان کی اہم ہوائی اڈوں اور بندرگاہوں کی فہرست بنائیں۔

